پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ: www.rbi.org.in/hindi
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ایمیل: helpdoc@rbi.org.in

ڈپارٹمنٹ آف کمیونیکیشن، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی -400001
فون: 022-22660502

31، مئی، 2021

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے دفعہ 56 کے ساتھ پڑھے جانے والے دفعہ 35 اے کے تحت جاری ہدایات – روپی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، پونے، مہاراشٹرا –
مدت میں توسیع

ریزرو بینک آف انڈیا نے اپنے جاری کردہ ہدایت نمبر UBD.CO.BSD-1/D-28/12.22.2018/2012-13 مورخہ 21 فروری، 2013 کے روپی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، پونے، مہاراشٹرا کو کاروبار کے اختتام سے 22 فروری، 2013 کو چھ مہینے کے لئے ان ہدایات کے تحت رکھا تھا۔ ان ہدایات کی میعاد کو وقتا فوقتا بڑھا دیا گیا تھا اور آخری بار 31 مئی، 2021 تک اس کی میعاد بڑھا دی گئی ہے۔

2۔ اس کے ذریعے عوام کی معلومات کے لیے مطلع کیا جاتا ہے کہ ریزرو بینک آف انڈیا، بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے دفعہ 56 کے ساتھ پڑھے جانے والے دفعہ 35 اے کے ذیلی سیکشن (1) کے تحت اسے دیئے گئے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بات کی ہدایت دیتا ہے کہ مذکورہ بالا ہدایات، ہدایت نمبر DOR.MON/D-10/12.22.218/2021-22 مورخہ 28 مئی 2021 کے مطابق 31 اگست، 2021 تک بینک پر لاگو ہوتی رہیں گی، اور یہ کہ یہ زیر مطالعہ رہیں گی۔

3۔ اس کے تحت ہدایت کی دیگر تمام شرائط وضوابط میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ مورخہ 28 مئی، 2021 کی ہدایت کی ایک کاپی جس میں مذکورہ بالا توسیع کا ذکر کیا گیا ہے، وہ بینک کے احاطے میں عوام کو دیکھنے کے لیے رکھا گیا ہے۔

4۔ ریزرو بینک آف انڈیا کی جانب سے مذکورہ توسیع اور /یا ترمیم سے ہرگز یہ نہیں سمجھا جانا چاہیے کہ ریزرو بینک آف انڈیا بینک کی مالی پوزیشن سے مطمئن ہے۔

(یوگیش دیال)

چیف جنرل مینیجر

پریس ریلیز: 2021-2022/291